**08-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اصغر علی

---

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کی لگاتار تیسری میعاد کیلئے حلف برداری کی تقریب سے متعلق سبھی تیاریاں مکمل ہوگئی ہیں۔ ہمسایہ ملکوں کے رہنما کل راشٹرپتی بھون میں اس تقریب میں شرکت کریں گے۔

☆ کانگریس کی سینئر رہنما سونیا گاندھی کو اتفاق رائے سے کانگرس پارلیمانی پارٹی کا صدرنشیں چن لیا گیا ہے۔

☆ موسمیات کے محکمے نے شمال مغربی بھارت میں کل سے گرمی کی تازہ لہر کی پیش گوئی کی ہے۔ ملک میں مانسون معمول کے مطابق آگے بڑھ رہا ہے۔

☆ اقوام متحدہ نے اسرائیل اور حماس کو مسلح لڑائی میں بچوں کے حقوق کی خلاف ورزی سے متعلق اپنی سالانہ رپورٹ میں شامل کیا ہے۔

☆ اور فرنچ اوپن ٹینس میں Iga Swiatek نے فائنل میں Jasmine Paolini کو ہراکر لگاتار تیسری مرتبہ خواتین کے سنگلز خطاب جیت لیا ہے۔

---

**(Music)**

---

اب خبریں تفصیل سے

## EVE. PM SWEARING IN

مرکز میں، نئی حکومت کی حلف برداری کی تقریب کل شام راشٹرپتی بھون میں ہوگی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نامزد وزیراعظم نریندر مودی کو نئی حکومت تشکیل دینے کے لیے مدعو کیا ہے۔ حلف برداری کی یہ تقریب کل شام سات بجکر 15 منٹ پر ہوگی۔ صدر جمہوریہ، جناب مودی اور وزراء کی مرکزی کونسل کو عہدے اور رازداری کا حلف دلائیں گی۔

کل، جناب مودی نے، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی تھی اور نئی حکومت تشکیل دینے کا دعوی پیش کیا تھا۔ BJP صدر جے پی نڈا کی قیادت میں NDA کے ایک وفد نے بھی صدر جمہوریہ سے ملاقات کی تھی اور انہیں ایک خط سونپا تھا جس میں، یہ کہا گیا تھا کہ جناب نریندر مودی کو BJP پارلیمانی پارٹی کا لیڈر منتخب کیا گیا ہے۔ NDA کی اتحادی پارٹیوں کے حمایت کے خطوط بھی صدر جمہوریہ کو سونپے گئے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ پڑوسی ملکوں کے مختلف رہنماؤں کو جناب نریندر مودی کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے جو لگاتار تیسری مدت کے لیے وزیراعظم کا عہدہ سنبھالیں گے۔ سری لنکا کے صدر رانل وکرما سنگھے، مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معزّو ، سیشلز کے نائب صدر احمد عفیف، بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ، ماریشس کے وزیراعظم پروند کمار جگناتھ، نیپال کے وزیراعظم پشپ کمل دہل پرچنڈ اور بھوٹان کے وزیراعظم شیرنگ توبگے اِس تقریب میں شامل ہوں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ اور سیشلز کے نائب صدر احمد عفیف حلف برداری کی تقریب میں شامل ہونے کے لیے آج شام ہی نئی دلی پہنچ گئے ہیں۔

سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش کی وزیراعظم کے دورے سے بھارت-بنگلہ دیش دوستانہ اور قریبی تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ اُس نے کہا ہے کہ سیشلز کے نائب صدر کا دورہ دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات کو مزید وسعت دے گا۔x

## MUST ANNOUNCEMENT

آکاشوانی دلی کل شام چھ بج کر 45 منٹ سے اپنے ایف ایم گولڈ، اندرپرستھ اور آکاشوانی لائیو نیوز 24X7 چینلوں پر راشٹرپتی بھون سے حلف برداری کی تقریب براہ راست نشر کرے گا۔ اسے آکاشوانی AIR اور آکاشوانی کے یوٹیوب چینل سے بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔

احمدآباد ، بنگلورو، چنئی، کٹک، گوہاٹی، حیدرآباد، امپھال، کولکاتہ، ممبئی اور تھیرووانت پورم کے آکاشوانی اسٹیشنز اپنی ریاست کے نیٹ ورک پر اپنی علاقائی زبانوں میں تبصرہ نشر کریں گے جنہیں ان ریاستوں میں سبھی پرائمری چینلوں اور مقامی ریڈیو اسٹیشن سے بھی نشر کیا جائے گا۔X

## DMK MEET

اب سے کچھ دیر پہلے، چنئی میں DMK پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ ہوئی۔ وزیراعلیٰ ایم کے اسٹالین کی قیادت میں، پارٹی نے اپنے اتحادیوں کے ساتھ تمل ناڈو میں سبھی 39 سیٹیں جیتی ہیں۔ DMK کے پاس اپنے 21 ارکان پارلیمنٹ ہیں۔ پارلیمنٹ کے منتخبہ ارکان آج شام DMK کے ہیڈکوارٹرس Anna Arivalayam میں جمع ہوئے تاکہ پارلیمانی پارٹی کا لیڈر منتخب کیا جا سکے۔ پارٹی نے DMK کی قیادت والے اتحاد کو منتخب کرنے کے لیے تمل ناڈو کے باشندوں کا شکریہ ادا کیا اور اِس بات کی یقین دہانی کرائی کہ وہ پارلیمنٹ میں ریاست کی فلاح و بہبود کے لیے کوششیں کرنا جاری رکھے گی۔×

## FADNAVIS

مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ دیویندر فڈنویس نے کہا ہے کہ وہ ریاستی حکومت میں نائب وزیراعلیٰ کے عہدے پر بنے رہیں گے۔ آج ممبئی میں ریاستی BJP قانون سازوں کی ایک میٹنگ ہوئی جس میں ان پر اعتماد کی بحالی کی اور پارٹی رہنما بنے رہنے کی تائید کی گئی۔×

## ODISHA SWEARING IN

اڈیشہ کے اگلے وزیراعلیٰ کے نام پر تذبذب کے درمیان پیر کے روز یہاں BJP حکومت کی حلف برداری کے لیے سبھی تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ اسی دن صبح، BJP قانون ساز پارٹی کی مقررہ میٹنگ کے بعد بھبنیشور کے جنتا میدان میں حلف برداری کی یہ تقریب ہوگی۔ اِس دوران، اِس سلسلے میں سبھی نظریں دلی پر ہیں جہاں پارٹی کا پارلیمانی بورڈ امکان ہے کہ اِس معاملے پر قطعی فیصلہ کرے گا۔ BJP کے 78 ارکان پر مشتمل قانون ساز پارٹی کی میٹنگ طلب کی گئی ہے جس میں پارٹی کے مرکزی مشاہدین کی موجودگی میں باضابطہ طور پر لیڈر منتخب کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ کے عہدے کے لیے مختلف نام گردش کر رہے ہیں۔

پارٹی کے ریاستی یونٹ کے صدر منموہن Samal ، جو آج شام دلی سے واپس آئے ہیں انہوں نے کہا کہ BJP پارلیمانی بورڈ فیصلہ کرنے والی اعلیٰ ترین تنظیم ہے جو اِس معاملے پر حتمی فیصلہ کرے گی۔×

## LEAD CWC MEET WITH CWC MEET

کانگریس کی سینئر رہنما سونیا گاندھی کو اتفاق رائے سے کانگریس پارلیمانی پارٹی CPP کا صدرنشیں منتخب کر لیا گیا ہے۔ آج شام میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارٹی رہنما راجیو شکلا نے کہا کہ انہوں نے اس عہدے کو قبول کر لیا ہے۔

آج اس سے پہلے، توسیع شدہ کانگریس ورکنگ کمیٹی نے اتفاق رائے سے، ایک قرارداد منظور کی جس میں، راہل گاندھی سے لوک سبھا میں ایک مرتبہ پھر اپوزیشن کے رہنما کا رول سنبھالنے کی درخواست کی گئی ہے۔ آج نئی دلی میں، CWC کی میٹنگ کے بعد، ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس کے سینئر رہنما کے سی وینوگوپال نے کہا کہ CWC کو یقین ہے کہ راہل گاندھی کی قیادت میں اپوزیشن مضبوط اور مستحکم رہے گی۔

S/B- KC Venugopal

کانگریس کے سینئر لیڈر جے رام رمیش نے مزید کہا کہ حالیہ انتخابات نے کانگریس پارٹی میں ایک نئی جان پھونکی ہے۔ انہوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ پارٹی ریاستی سطح پر چناؤ میں اپنی کارکردگی کا قریبی جائزہ لے گی۔

اس سے قبل توسیع شدہ کانگریس ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ میں اپنے افتتاحی کلمات میں کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے، کانگریس کے اُن سبھی نومنتخبہ ارکان کو مبارکباد دی، جنہوں نے ناسازگار صورتحال کے باوجود چناؤ لڑا اور جیتے۔ جناب کھڑگے نے کہا کہ آئی۔ این۔ڈی۔آئی۔اے بلاک کے اتحادیوں کے ساتھ پارٹی، پارلیمنٹ کے اندر اور باہر متحد ہوکر اور مل کر کام کرے گی۔ اِس میٹنگ میں پارٹی کے سینئر رہنما سونیا گاندھی، راہل گاندھی اور پارٹی کی جنزل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔×

**NTA-NEET**

امتحان منعقد کرانے والی قومی ایجنسی NTA نے کہا ہے کہ اہلیت اور داخلے کا قومی امتحان NEET-UG 2024 صاف ستھرے اور شفاف طریقے سے کرایا گیا ہے اور ملک میں کہیں بھی امتحانات میں دیانت داری سے سمجھوتہ نہیں کیا گیا ہے۔ یہ امتحان پانچ مئی کو کرایا گیا تھا اور نتیجے کا اعلان اس مہینے کی چار تاریخ کو کیا گیا تھا۔ NTA کے ڈائریکٹر جنرل سبودھ کمار سنگھ نے زیادہ نمبر اور ٹاپ کرنے والوں کی تعداد سے متعلق امیدواروں کی جانب سے اٹھائے گئے معاملوں پر نئی دلی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیپر لیک نہیں ہوا تھا۔ اُنہوں نے کہا کہ NEET امتحان کا معاملہ چار ہزار 750 مراکز میں سے چھ مراکز اور محض ایک ہزار 600 امیدواروں سے متعلق ہے، جن کا سوال نامے کی غلط تقسیم کے سبب وقت ضائع ہوا تھا۔

اُنہوں نے کہا کہ وقت ضائع ہونے کی وجہ سے ان امیدواروں کو جو Grace Marks یعنی اضافی نمبر دیئے گئے ہیں اُن کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ جناب سبودھ کمار نے کہا کہ یو پی ایس سی کے ایک سابق چیئرمین کی سربراہی میں یہ کمیٹی ایک ہفتے کے اندر اپنی سفارشات پیش کرے گی اور اس کے بعد NTA آگے کا فیصلہ کرے گی۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ متاثر ہونے والے امیدواروں کے نتائج داخلے کے عمل پر اثر انداز نہیں ہوں گے۔

S/B NTA DG Subodh Kumar Singh

**IMD WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے، کل سے شمال مغربی بھارت میں ایک مرتبہ پھر تیز گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ آئندہ پانچ دنوں کے دوران گرمی کی یہ صورتحال مشرقی اور مشرقی وسطی بھارت، اترپردیش اور شمال مشرقی مدھیہ پردیش کے حصوں میں جاری رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ پانچ دنوں میں مہاراشٹر، ساحلی اور کرناٹک کے شمالی اندرونی حصوں میں شدید سے بہت شدید بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ آکاشوانی سے ایک خصوصی بات چیت میں IMD کے سائنسداں ڈاکٹر آر کے جینامنی نے کہا کہ جنوب-مغربی مانسون جنوبی مہاراشٹر کی جانب مسلسل بڑھ رہا ہے اور یہ آج خاص طور سے جنوبی کونکن، تلنگانہ اور جنوبی چھتیس گڑھ، جنوبی اڈیشہ اور ساحلی آندھرا پردیش کے کچھ اور حصوں کی جانب بڑھ گیا ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ وسطی مہاراشٹر سمیت ملک کے جنوبی حصوں میں جاری بارش کے پیش نظر آئندہ تین دنوں کے لیے اورینج اور ریڈ الرٹ وارننگ جاری کی گئی ہے۔

S/B- Jenamani

**UN-ISRAEL**

اقوام متحدہ نے اسرائیل اور حماس کو اپنی سالانہ of Shame List میں شامل کیا ہے۔ جو مسلح تصادم میں بچوں کے حقوق کی خلاف ورزی سے متعلق ایک رپورٹ کا حصہ ہے۔ یہ پہلا موقع ہے جب ان دونوں کو اس فہرست میں شامل کیا گیاہے۔ جس میں روس، اسلامک اسٹیٹ، القاعدہ، بوکوحرم، افغانستان، عراق، میانمار، صومالیہ ، یمن اور شام جیسے ممالک اور گروپ پہلے سے ہی شامل ہیں۔ اسرائیل کو اس فہرست میں شامل کیا جانا خاص طور سے قابل غور ہے کیونکہ پہلی مرتبہ ایک جمہوری ملک کو شامل کیا گیاہے۔ یہ فیصلہ مسلح تصادم کے دوران بچوں کے حقوق کی خلاف ورزی کے الزام کے سبب کیا گیا ہے۔ وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو نے اس پر سخت ردعمل ظاہر کیا ہے اور کہا ہے کہ اسرائیلی دفاعی افواج دنیا میں سب سے زیادہ اخلاقیات پرعمل کرنے والی فوج ہے اور اقوام متحدہ کا کوئی بھی غلط اور فرضی فیصلہ اسے تبدیل نہیں کرے گا۔X

**PM DENMARK**

نامزد وزیر اعظم نریندرمودی نے ڈنمارک کی وزیر اعظم Mette Frederiksen پر حملے کی مذمت کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب نریندر مودی نے کہا ہے کہ اُنہیں حملے کی خبر پر کافی تشویش ہے۔ وزیر اعظم نے اُن کی اچھی صحت کی دعا کی۔ وسطی Copenhagen میں جمعے کی شام کو ایک شخص نے ڈنمارک کی وزیر اعظم پر حملہ کیا تھا۔ X

## FRENCH OPEN

ٹینس میں عالمی نمبر ایک کھلاڑی IGA Swiatek نے اٹلی کی Jasmine Paolini کو سیدھے سیٹوں میں ہراکر فرینچ اوپن 2024 کے خواتین سنگزل کا خطاب جیت لیا ہے۔ آج Ronald Garris میں Pole نے اپنے اٹلی کے حریف کو چھد-دو، چھ-ایک سے ہراکر جیت حاصل کی۔

مونیکا سیلیس اور Justine Henin کے بعد اوپن عہد کی لگاتار تیسری مرتبہ یہ خطاب جیتنے والی پہلی خاتون کھلاڑی بن گئی ہیں۔ کل کھیلے جانے والے مردوں کے سنگلز مقابلے میں Carlls Alcaraz کا مقابلہ جرمنی کے Alexander Zeverev سے ہوگا۔×

## HOCKEY

ہاکی میں، خواتین کے FIH پرولیگ مقابلے میں، جرمنی نے بھارت کو دو کے مقابلے چار گول سے ہرا دیا۔ حالانکہ اِس میچ میں بھارت نے شاندار شروعات کی تھی اور ابتدائی مرحلے میں دو صفر سے سبقت بھی حاصل کر لی تھی۔ تاہم، تیسرے کوارٹر میں مقابلے کا رخ پوری طرح بدل گیا اور جرمنی نے اپنی بہترین کارکردگی سے بھارتی ٹیم پر دباؤ بناتے ہوئے یہ میچ جیت لیا۔×

## SPECIAL OLYMPICS

لداغ میں کرگل کے معذور بچوں کی مدد کی غرض سے اسپیشل اولمپکس بھارت نے Voluntary Meducare Society اور Baqirya Health Care اور Research Centre کے اشتراک سے کرگل Baqirya Complex Biamathang میں بڑے پیمانے پر طبی جانچ کا اہتمام کیا ۔ اِس میں دو سو سے زیادہ بچوں نے حصہ لیا، جن کا ڈاکٹروں کے ماہرین کی ایک ٹیم نے میڈیکل چیکپ کیا۔ ان ڈاکٹروں میں فیزیشن، آنکھوں کے ڈاکٹر، ENT اسٹیشلسٹ اور دانتوں کے ڈاکٹر شامل تھے۔

اس پروگرام کا بنیادی مقصد اسپیشل اولمپکس 2024 میں ممکنہ طور پر حصہ لینے کیلئے اِن بچوں کی جانچ کرنا تھا۔X

☆☆☆☆☆